اعمال کا عبقری
انسائیکلوپیڈیا

The Ubqari Encyclopedia for Benedictions

جادو جنات سے نجات کیلئے آزمودہ وظائف

Tested Benedictions for Sorcery

/ubqari
www.ubqari.org
youtube.com/ubqaritasbeehkhana

☆ ماہنامہ عبقری ☆ گھریلو الجھنیں میگزین
☆ اخبار عبقری ☆ ادتی کریشن ☆ عبقری ویب چینل
☆ عبقری سوشل میڈیا

عبقری
گروپ آف میڈیا

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Sahar, Haunted,Disease

مرض، آسیب، سحر، جن معلوم کرنیکا طریقہ

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Disease, Haunted, Sahar مرض، آسیب، سحر، جن معلوم کرنیکا طریقہ
Category(قسم)	Magic/jinn(جادو جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Jan,2012 عبقری رسالہ جنوری
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	مریض کا ایسا کپڑا لے جس میں اس نے رات گزاری ہو، پہلے اس کپڑے کو گز یا بالشت سے ناپ لے اس کپڑے پر نشان لگا دے۔ پھر مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کر کے کپڑے کو رکھ دے۔ ذرا دیر کے بعد پھر کپڑے کو ناپے اگر کپڑا بڑھ جائے تو بیماری شیاطین کے اثر سے ہے اور اگر کپڑا گھٹ جائے بیماری جن سحر یا جادو کے سبب سے ہے اور کپڑا سابقہ ناپ کے مطابق برابر رہا تو مرض جسمانی ہے۔ وہ عزیمت یہ ہے۔ سورۃ الناس آخر تک ایک بار۔
QuranArabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	سورہ فاتحہ مکمل تین مرتبہ مع بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ والصفت سے لے کر لفظ "شططا" تک (آیت نمبر 11) ایک بار سورہ جن شروع سے لے کر لفظ "شططا" تک (آیت نمبر 1) ایک بار سورۃ الفلق آخر تک ایک بار
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ، تفصیل)	Take a piece of cloth of the affected person and measure it then mark the measurement.Then recite the following wordings and

bless the cloth after sometime check the measurement, if it is increased it means that there are demon effects if it is reduced it means it is due to magic.If the measurement remains the same it means it is due to some physical ailment.

Nama of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

marriaga,strap or magic(شادی۔۔۔۔بندش یا جادو)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Marriage, strap or magic شادی۔۔۔۔بندش یا جادو
Category(اقسام)	Magic/ jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Jan, 2012 عبقری رسالہ جنوری
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	عشاء کی نماز کے بعد 10 مرتبہ سورہ احزاب 33 کی آیات نمبر 70-71 گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا کریں۔ یہ عمل چالیس روز تک جاری رکھیں۔ ہر جمعرات کے دن حسب استطاعت صدقہ خیرات کردیں ۔ بیٹی سے کہیں کہ وہ وضو بے وضو کثرت سے یاوھابُ کاورد کرتی رہا کرے۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	سورہ احزاب یَاوَھَّابُ

English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	After Isha prayer recite 10times verse number 70-7 1 of surah Ahzaab with 11times darood in the beginning and end and then pray for your purpose. Continue this process for 40days. Ask your daughter to continuously recite یَاوَهَابُ.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Comprehensive benefit of یَابَارِیُ

یَابَارِیُ کا جامع وظیفہ

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	
Category (اقسام)	Magic/Jinn (جادو وجنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine October 2011 عبقری رسالہ اکتوبر ۲۰۱۱
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	یہ وظیفہ قضائے حاجات، مشکل سے مشکل کام حل کرنے، جادو کالے علم کے اثرات ختم کرنے، برص اور جذام کی بیماری سے خلاصی پانے، اس اسم کے اسرار جاننے، غرضیکہ یا باری کے تمام فوائد حاصل کرنے کے لئے بہت مجرب ہے۔ جو شخص اسے روزانہ 12 ہزار مرتبہ سات دن تک پڑھے گا اسے تمام فوائد حاصل ہوں گے اور اس اسم کے فیوض و برکات ظاہر ہوں گے۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	یَابَارِئُ

English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	This practise is very useful to get rid of black magic, problems, ailments.Recite it 12000times for seven days he will get all the benefits from it.

Name of Amal

(وظیفہ،دعا کا نام)

Haunted cast(آسیب کے دفع ہونے کے لئے)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Haunted cast آسیب دور کرنے کیلئے
Category(اقسام)	Magic/Jinn جادو و جنات
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine on November 2011 عبقری رسالہ نومبر ۲۰۱۱
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	جس گھر میں جن یا آسیب کا شبہ ہو یا جن یا آسیب اہل خانہ کو نظر آتا ہو۔ اس گھر میں مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھ کر ہر کمرے میں دروازے کے اُوپر لگا دے اور کمرے کے اندر دروازے کے بالکل سامنے دیوار پر بھی لگا دے۔ انشا اللہ تعالیٰ جن، آسیب اس گھر سے چلے جائیں گے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔:
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ مَا شَآءَ اللهُ کَانَ وَمَا لَمۡ یَّشَا لَمۡ یَکُنۡ وَّلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ فَاللهُ خَیۡرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ بَدُّوۡحُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ

English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	If some house is possessed by demons or there happens to be demon sightings .Write the following wordings on the walls and doors of the house. Demons will leave the house very soon.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

The neme of Allah(اسم اللہ)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	آسیب کے اثرات
Category(اقسام)	Magic/jinn جادو یا جنات
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Jan 2012 عبقری رسالہ جنوری
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	اگر کسی جگہ یا کسی بچے پر آسیب کے اثرات ہوں یا بچے پر ہوں تو وہاں یا اس پر یَا قَھَّارُ کو 2100 مرتبہ روزانہ پڑھیں اور پانی پر دم کر کے چھینٹیں ماریں۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	یَا قَھَّارُ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	If some place or a person has demonic effects then recite یَا قَھَّارُ 2100times and blow it on water to sprinkle in the house.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Effect of Haunted morning and evening(آسیب کا اثر صبح وشام)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	For Magic/ jinn جادو جنات کیلئے
Category(اقسام)	(جادو و جنات) jinn/ Magic
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Feb 2012 عبقری رسالہ فروری ۲۰۱۲
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	تین تین بار سورۃ الفلق، سورۃ الناس اور تین بار آیت الکرسی پڑھ کر پانی پر دم کریں اور دن بھر اسی پانی کو پیئیں۔ وضو بے وضو جتنا بھی ہو سکے۔ یَاسَلَامُ پڑھ کر اپنے اُوپر دم کرتی رہیں۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	سورۃ الفلق. سورۃ الناس، آیت الکرسی اور یَاسَلَامُ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	Recite three times surah Falaq, surah Naas and three times Ayatul Kursi. Blow it on water and drink this water throughout the day.Bless yourself by reciting یَاسَلَامُ.

Neme of Amel

(وظیفے، دعا کا نام)

For the cure of black megic(کالے جادو سے نجات کے لئے)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	For the cure of black magic کالے جادو سے نجات کے لئے

Category(اقسام)	Magic/jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Feb 2012 عبقری رسالہ فروری ۲۰۱۲
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	یہ عمل بعد از مغرب کم از کم سات یا گیارہ دن کیا جائے۔ الٰہی جو کچھ کسی نے ہم پر کر رکھا ہے وہ باہر گلی میں گر جائے یہ کہہ کر سورہ کوثر گیارہ بار پڑھیں۔ الٰہی جو کچھ باہر گلی میں گرا ہے وہ جل جائے یہ کہہ کر سورہ فلق گیارہ بار پڑھیں۔ الٰہی جو کچھ باہر گر کر جلا ہے اس کی راکھ کسی دریا میں چلی جائے یہ کہہ کر سورہ ناس گیارہ بار پڑھیں۔ (نماز پنجگانہ کی پابندی شرط اوّل ہے۔) جتنے دن یہ عمل کیا جائے اتنے ہی دن عمل نمبر 2 پڑھا جائے۔ عمل نمبر 2: سورہ بقرہ کی آیت نمبر 35 اول و آخر درود شریف تین تین بار صبح و شام پڑھیں۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	Do this practise during Maghrib for at least 7or 11days. Say o Allah someone cursed us with magic or anything throw it in the street, then recite 11times surah Kausa.Then say O Allah! whatever u have thrown in the street burn it then recite 11times surah falaq, now say o Allah whatever has been burnt in the street throw it in the river and recite 11times surah

Naas. Recite verse number 35of surah Baaqara with darood shareef three times in the morning and evening.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Protection and blessing for the Giants

جنات سے حفاظت وبرکت کے لئے

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Protection and blessing for the Giants جنات سے حفاظت وبرکت کے لئے
Category(اقسام)	Magic/jinn(جادووجنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine on feb 2012 عبقری رسالہ فروری ۲۰۱۲
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	سورہ جن (پارہ نمبر29) 3 بار اور سورہ مزمل (پارہ نمبر 29 (بار پڑھ کر 14 اگر بتی ڈبوں پر دم کریں اور روزانہ بعد نماز مغرب گھر میں صبح دکان میں 4 عدد جلاں انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ جنات سے حفاظت اور رزق میں اپنی شایان شان اضافہ فرمائینگے۔ جب بھی گھر میں داخل ہوں تو سلام کریں پھر درود شریف اور پھر سورہ اخلاص پڑھیں، مسواک کریں اور بھر کے اندر مختلف کونوں میں رکھیں خوصا مریض کے پاس رکھیں۔ گھر کے چاروں کونوں میں اذان دیں، مریضہ کو ڈر سے بچانے کے لئے سورہ قریش کا عمل بتیا۔ مریض کی صحت یابی کے لئے حسب توفیق صدقہ روزانہ یا جمعرات جمعہ کریں۔ مریض کے سر

کے اوپر والی جگہ پر قرآن پاک رکھ دیں جہاں وہ سوتی ہے۔ مریض باوضو رہے اور کثرت سے تلاوت قرآن پاک کرے اور نماز کی پابندی کرے۔

Quran& Arabic Zikr
(قرآنی آیات یا ذکر)

English Translation and Instructions
(انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)

Recite 3times surah Muzamil on 14Incense stick boxes and then burn 4of them after Maghreb in your house it will help you to get rid of demons and will provide you with blessings and provisons. Whenever you enter your house say slaam and then recite darood shareef and surah Ikhlas. Put it near the ill fated person. Give prayer call in the four corner of the house. Place a Quran on the head of the affected person.

Name of Amal
(وظیفے، دعا کا نام)

To eliminate bad effects from home
گھر سے اثرات بد ختم کرنے کے لئے

Purpose and Benefits
(مقصد اور فائدہ)

For the cure of Black Magic
جادو کے اثرات کیلئے

Category(اقسام)

Magic/jinn(جادو و جنات)

Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine March 2012 عبقری رسالہ مارچ ۲۰۱۲
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	اگر گھر میں اثرات ہوں، پریشانی رہتی ہو اور اگر گھر میں وحشت معلوم ہوتی ہو۔ گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو۔ ڈراؤنے خواب نظر آتے ہوں۔ گھر میں خیر و برکت ختم ہوگئی اور گھر میں کسی کا دل نہ لگتا ہو تو اس کے لئے سورہ بقرہ کم از کم چالیس روز بلند آواز سے باوضو مقررہ وقت پر پڑھوائیں یا خود پڑھ لیں۔ عورت بھی پڑھ سکتی ہے لیکن ایام کے دوران ناغہ کر کے پاک ہونے پر غسل کر کے دوبارہ شروع کر دیں۔ اور چالیس دن پورے کر لیں۔ اگر ایسا کرنا مشکل ہو تو چالیس چالیس آدمی یا عورتیں جمع ہوں، باوضو ایک ایک مرتبہ پڑھ لیں اور ایک بڑے ایک مٹکے پر دم کر کے وہ پانی مکان کے ہر کونے میں چھڑکیں اور سب اہل خانہ کو چار وقت پلائیں اگر ایسا ممکن نہ ہو تو صبح اور رات سوتے وقت پلا دیں۔ چھڑکنے اور پانی پینے کے چار اوقات یہ ہیں۔ صبح ناشتے سے قبل، دوپہر گیارہ بجے بعد نماز عصر، بعد نماز عشاء اس عمل کی برکت سے گھر میں رونق بحال ہوگی۔ سب گھر والے باہم محبت و اتفاق سے رہیں گے۔ اور گھر میں خیر و برکت ہوگی۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	سورۃ بقرہ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	If some house or person is possessed by demons,there is a distress in your house, if the haunting in the house or on the person is creating problems for you, if ther is a problem of nightmare,recite surah Baqqara in

a oud voice for 40days, only one person can recite it. Even 40men or woman together can recite it for 40times.bless it on a big water pot and sprinkle it in the house, the method of sprinkling the water is as follows: befor breakfast, during 11o clock in the day,after asar prayer and after isha prayer. It will bless the house.

Name of Amal

(وظیفے،دعا کا نام)

Remedy of sifli magic(جادو سفلی کی کاٹ کا عمل)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Antidore of Sifli جادو سفلی کی کاٹ کا عمل
Category(اقسام)	Magic/ jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Megazine March 2012 عبقری رسالہ مارچ ۲۰۱۲
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	اگر کسی پر کوئی شخص سفلی جادو کراتا ہو جس سے کاروبار تباہ ہو گیا ہو اور صحت برباد ہو گئی ہو اور ہر قسم کے ڈاکٹر اور حکیمی علاج سے فائدہ نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے پانچوں وقت یعنی ہر نماز کے بعد سورۃ الفلق اور سورۃ الناس مکمل تین تین بار پڑھ کر اپنی دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں اور انگلیوں پر دم کر کے دونوں ہاتھ جسم پر پھیر لے۔ بدن کا کوئی حصہ ہاتھ پھیرنے سے نہ رہ جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ سحر، جادو، سفلی، جنات سے محفوظ

رہے گا اور اگر مبتلا ہو جائے تو ان سورتوں کے عمل کی برکت سے تمام سحر، سفلی، جادو اور جنات سے کامل نجات حاصل ہو جائے گی۔ اور جادو کرانے والے کا عمل ضائع ہو جائے گا۔

Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	سورۃ الفلق اور سورۃ الناس
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	If someone casted black magic on you which caused your business damage you should offer five times prayers and surah Falaq and surah Naas three times and bless it on his body.These surah will remove the magic effects.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

For removing the obstacle in merriege

شادی کی بندش دور کرنے کے لئے

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	For removing the obstacle in marriage شادی کی بندش دور کرنے کے لئے
Category(اقسام)	Magic/jinn(جادو و یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine March 2012 عبقری رسالہ مارچ ۲۰۱۲
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	بعد نمازِ عشاء یا رات کو سونے سے پہلے اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ سو مرتبہ سورہ بقرہ کی آیت 163 وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

	اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر بچوں کی اچھی جگہ شادی کے لئے دعا کریں۔ چلتے پھرتے وضو بے وضو کثرت سے اسمائے مقدسہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ کا ورد کریں۔ اس عمل کی مدت کم از کم چالیس روز ہے۔ وظیفہ پڑھنے کے بعد کسی ضرورت کے تحت بات کی جا سکتی ہے۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یاذکر)	وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ (بقرہ163) یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	After Isha prayer or before sleeping recite 11times darood in the beginning and end and then recite verse number 163of surah Baaqara 100times and pray for the marriage of your children. Continuously do this practise for 40days and recite in abundance یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Allah's blessed names(اسم اللہ)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	For magic جادو کیلئے
Category(اقسام)	Magic/jinn(جادو وجنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine March 2012 عبقری رسالہ مارچ ۲۰۱۲

Urdu Instructions (اردو تفصیل)	جو شخص روزانہ فجر کی نماز کے بعد اور سوتے وقت 33 مرتبہ يَاقَابِضُ پڑھتا رہے گا کبھی کا جادو کا وار نہیں چلے گا۔ ہمیشہ اللہ کی پناہ میں رہے گا۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	يَاقَابِضُ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	If someone recites يَاقَابِضُ 33 times after Fajr prayer and before sleeping he will be protected from black magic.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Black Magic(کالا جادو)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	For black magic کالے جادو کیلئے
Category(اقسام)	Magic/ jinn(جادو و یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine March 2012 عبقری رسالہ مارچ ۲۰۱۲
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	قرآن پاک کی کچھ آیات ایسی ہیں جو سحر اور جادو کے لئے پڑھی جاتی ہیں۔ منزل کے نام سے مل جاتی ہیں۔ صبح و شام پڑھ کر پانی پر دم کر کے پینے سے اثر زائل ہو جاتا ہے۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	منزل
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	Three verses of Quran are very significant for protection against black magic, they are recited in

the morning and evening on water which will remove magic effect.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Bathroom prayer and deliverance from depression

باتھ روم کی دعا اور ڈپریشن سے نجات

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Bathroom prayer باتھ میں جانے کی دعا
Category(اقسام)	Magic/jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine April 2012 عبقری رسالہ اپریل ۲۰۱۲
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	حدیث پاک میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان بیت الخلاؤں میں شیاطین موجود ہوتے ہیں (ابوداود)۔ جب کوئی شخص یہ دعا پڑھ لیتا ہے تو وہ ان شیاطین و جنات سے محفوظ ہو جاتا ہے۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	بِسْمِ اللهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	Mostly demons reside in the washroom, recite this supplication before going to washroom for protection.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Protection from physical pain and the Giants(جسمانی درد اور جنات سے حفاظت)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Protect from the Giants جنات سے حفاظت
Category(اقسام)	Magic/jinn(جادو و جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine April 2012 عبقری رسالہ اپریل ۲۰۱۲
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	اسے روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھنے سے کسی بھی قسم کا درد اور اس کی وجہ بھی ختم ہوجاتی ہے۔ اگر جنات حاضر نہ ہو رہے ہوں یا ضد کر رہے ہوں تو 21 مرتبہ پڑھ لیں ان کی ضد ختم ہوجاتی ہے اور اگر کسی مریض کو دیکھنا ہو کہ اس کے ساتھ کیا معاملہ ہے تو یہ پڑھ کر 101 مرتبہ اوّل و آخر درود شریف تین دفعہ اپنے اوپر پھونکیں۔ وہ خود دیکھ لیتا ہے کہ کیا معاملہ ہے (یہ تاثیر عام طور پر عامل حضرات کو حاصل ہوتی ہے)
Quren& Arebic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	يَاحَفِيۡظُ. يَاحَفِيۡظُ .مصِيۡرُ. يَااللهُ. يااللهُ. يَااللهُ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	Recite these wordings it will remove all sorts of pain and their reason. If you want to summon a demon recite this 21times. If you want to diagnose a patient recite this 101times with three times darood in the beginning and end and you will see the problem of that patient resolving.

Name of Amal

(وظیفے،دعا کا نام)

Walking out due to the upper effects

اوپری اثرات کے سبب باہر گھومنا

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Walking out due to upper Effects اوپری اثرات کے سبب باہر گھومنا
Category(اقسام)	Magic/jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magaazine on Sep 2012 عبقری رسالہ جون ۲۰۱۲
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	اگر کوئی لڑکا یا لڑکی ہر وقت باہر گھومتا ہے۔ گھر میں نہیں رہتا اور نہ ہی کسی کا کہنا مانتا ہے اور نہ کوئی کام کاج کرتا ہے۔ گھر والے اس سے بہت پریشان ہیں تو اس کا حل یہ ہے کہ معوذ تین یعنی سورۃ الفلق اور سورۃ الناس باوضو ایک سو بار پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کردیں اور چار وقت (صبح ناشتہ سے قبل، دوپہر کو کھانے سے قبل، عصر کے بعد اور نماز عشاء) مریض کو پلائیں انشاء اللہ مریض اوپری اثرات سے محفوظ ہو جائے گا۔ یہ عمل اکتالیس دن روزانہ کرنا ہے۔ ناغہ نہیں کرنا۔ نماز کی پابندی لازمی کریں۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	سورۃ الفلق اور سورۃ الناس
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	If some boy or girl does not listen to any one and spend most of his time outside the house and the famiy members are distressed due to this behaviour recite surah

Falaq and surah Naas 100times on water and give the patient the drink four times in the morning, before breakfast, before lunch ,after Asar prayer and after Isha prayer.Continue this process for 41days-

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Protection from evil and temptation towards neighbours

پڑوسی کے شر اور فتنہ سے حفاظت

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	For evil and temptation شر و فتنہ کیلئے
Category(اقسام)	Magic/ jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine July 2012 عبقری رسالہ جولائی ۲۰۱۲
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	اگر کسی کے پڑوسی خراب ہوں اور پریشانی کا سبب ہوں اور طرح طرح سے تنگ کرتے ہوں، ستاتے ہوں اور لڑائی جھگڑا کرتے ہوں یا جادو سفلی کراتے ہوں تو ان کے شر اور فتنہ سے بچنے کے لئے بعد نمازِ عشاء باوضو اوّل پانچ بار درود شریف پڑھے (نماز والا درود سب سے بہتر ہے وہی پڑھ لے) اس کے بعد پانچ سو مرتبہ یَاحَفِیْظُ یا حافِظُ پڑھے۔ اس کے بعد پانچ بار درود شریف پڑھ کر پڑوسیوں کی اصلاح و ہدایت کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے پڑوسی ہر قسم کے شر اور فتنہ انگیزی سے باز آجائیں گے۔

Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یاذکر)	یَاحَفِیْظُ یَاحَافِظُ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	If someone has neighbours who cause problems and fight a lot or cast black magic, recite 5times darood shareef in the beginning and end after Isha prayer and then recite 500times یَاحَفِیْظُ یَاحَافِظُ and pray for their betterment.

Name of Amal

(وظیفے،دعا کا نام)

To get rid of some habit(کسی عادت کو چھوڑوانے کے لئے)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	To get rid of some habit کسی عادت کو چھوڑوانے کے لئے
Category(اقسام)	Magic/jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine July 2012 عبقری رسالہ جولائی ۲۰۱۲
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	ایک مناسب سائز کا کاغذ لیں۔ تین سو مرتبہ یَاحَفِیْظُ یَابَدِیْعُ پڑھ کر کاغذ پر ایک دائرہ بنا کر اس کے اندر ایک گہرا نقطہ بنا دیں۔ اس کاغذ کو تہہ کر کے بھائی کے تکیے کے اندر رکھ دیں خیال رکھیں کہ یہ تکیہ کوئی دوسرا شخص استعمال نہ کرے۔ رات کو جب بھائی گہری نیند سو جائے تو مناسب آواز سے یہ جملے پانچ منٹ تک دہرائیں ‘‘اے (بھائی کا نام لیں)! تم انگوٹھا چوسنے کی عادت چھوڑ دو’’ چند ہفتے یہ عمل دہرائیں۔

Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	یَاحَفِیْظُ یَابَدِیْعُ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	Take a normal size paper and recite یَاحَفِیْظُ یَابَدِیْعُ 300 times then make a circle with a big dot in it fold this paper and place it under the pillow of your brother, no one else is allowed to use that pillow now stand near the bed when he is asleep and say o brother leave your bad habit for 5minute, repeat this process for some weeks.

Neme of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Crack closure(بندش کا توڑ)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Crack closure بندش کا توڑ
Category(اقسام)	megic/ jinn(جادو/ جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Megazine Sep 2012 عبقری رسالہ ستمبر ۲۰۱۲
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	11 مرتبہ درود شریف، 11 مرتبہ سورہ فاتحہ، 41 مرتبہ آیۃ الکرسی، 1 مرتبہ سورہ یٰسین، 3 مرتبہ چاروں قل، 1 مرتبہ الم سے لیکر هُمُ الْمُفْلِحُون تک سورۃ البقرہ، 1 مرتبہ الحمد شریف۔ یہ عمل روزانہ کریں۔ پانی پر دم کر کے مکان، دکان پر چھڑکیں مریض کو پلائیں انشاءاللہ 11،21،31،41

میں بندش ختم ہوجائے گی۔ آج تک یہ عمل جس کو بھی دیا ہے۔ اللہ نے اس کی بندش ختم کردی ہے۔

Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یاذکر)	درودشریف، سورہ فاتحہ،آیۃ الکرسی، سورہ یٰسین، چاروں قل، الم سے لیکر هُمُ الْمُفْلِحُون تک سورۃ البقرہ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	Recite 11times darood shareef, 11 times surah Fatiha, 41times Ayatul Kursi, one time surah Yaseen ,three times surah Kaferoon, 3 times 3Qul shareef, one times first Rakooh of surah Baaqara, and one times surah Fatiha daily on water end sprinkle it in the house end on the patient, InshAllah within 11,21,31,4 days the evil effects of magic will be removed.

Name of Amal

(وظیفے،دعا کا نام)

To be safe from calamities(بلاوں سے حفاظت کا عمل)

Purpose end Benefits (مقصد اور فائدہ)	To be safe from calamities آفات اور بلاوں سے حفاظت
Category(اقسام)	Magic/Jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Sep 2012 عبقری رسالہ ستمبر ۲۰۱۲

Urdu Instructions (اردو تفصیل)	جو شخص اسم یَاوَاحِدُ کو 1216 مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھے گا وہ ان شاءاللہ آفات اور بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	یَاوَاحِدُ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	If someone recites this name 1216 times for 40 day she will be protected from all calamities and evils.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

To be safe from jinn

(جنات سے حفاظت کے لئے)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	To be safe from Jinn جنات سے حفاظت کے لئے
Category(اقسام)	magic/ jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Sep 2012 عبقری رسالہ ستمبر ۲۰۱۲
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	صبح کی نماز کے بعد یانورُ ایک ہزار ایک سو اکیس مرتبہ روزانہ پڑھنا مکان کو روشن کرتا ہے۔ موذی جن آسیب وغیرہ وہاں نہیں آتے۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	یَانُوْرُ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	Recite this name 1121times daily after Fajr prayer it will protect your house from all demons and evils.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

For all evil obstructions

ہر قسم کی بندش کے لئے

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	For all evil obstructions ہر قسم کی بندش کے لئے
Category(اقسام)	Magic/Jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine October 2012 عبقری رسالہ اکتوبر ۲۰۱۰
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	چالیس بار سورۃ بقرہ اکتالیس دن لوگوں کو جمع کر لیں یا گھر کے سارے افراد پڑھ لیں۔ پانی کے مٹکے پر دم کر لیں۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	سورۃ بقرہ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	Recite surah Baaqara 40times for 41days, family members and their family members can together recite this on water pot.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Muazeteen(معوذتین کا آسان اور موثر عمل)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Severe magic whose effect is unendable سخت جادو کے لئے جس کا اثر ختم نہ ہوتا ہو
Category(اقسام)	Magic/ jinn(جادو یا جنات)

Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Dec 2012 عبقری رسالہ دسمبر ۲۰۱۲
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	درودِ ابراہیمی پانچ مرتبہ پڑھیں۔ سورۃ فلق پانچ سو پانچ سورۃ الناس پانچ سو پانچ مرتبہ وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ نو چندی جمعرات سے شروع کریں۔ اکتالیس دن کریں۔ حصار کا طریقہ: عمل شروع کرنے سے پہلے سات مرتبہ آیت الکرسی اور سات مرتبہ تیسرا کلمہ اول و آخر درود شریف ہاتھوں پر دم کر کے پورے جسم پر بہ نیت حصار پھیر لیا کریں۔ عمل شروع کرنے اور بعد میں شیرنی بچوں میں تقسیم کریں۔ سونف اور چینی پر دم کریں اور اکتالیس دن استعمال کریں۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	درود ابراهیمی ,سورة فلق, سورة الناس, تیسرا کلمه
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ تفصیل)	Recite darood Ibrahimi five times.surah Falaq 505times and surah Al'naas 505times for 41days from the first Thursday of the month. Method of encircling: Before starting this practise recite 7times Ayatul Kursi and 7times third Kalmia with darood shareef in the beginning and end and bless your hands and body with it.Distribute sweets among children before and after the practice.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Protection fro top effects of demon

اوپری آسیبی اثرات سے نجات

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	To be cured fromTop demonic influences آسیبی اثرات کو دور کرنیکے لئے
Category(اقسام)	Magic/jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Dec 2012 عبقری رسالہ دسمبر ۲۰۱۲
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	آسیبی اثرات کو دور کرنیکے لئے جیسے ایک کے بعد ایک مشکل آتی جائے یا ختم نہ ہو کہ دوسری شروع ہو جائے۔ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی اول و آخر گیارہ مرتبہ سورت مزمل اور ہر روز سورۃ یٰسین پانی پر دم کرے اور چار وقت پانی پی لیں۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	سورت مزمل سورۃ یٰس
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	To cast away the demonic effects recite 11times darood ibrahimi in the beginning and end and recite 7times surah Muzamil and surah Yaseen on water and drink this water four times a day.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Giants, tauyzat and black counter knowledge

جنات، تعویذات اور کالے علم کا توڑ

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Giants, tauyzat and black counter knowledge جنات، تعویذات اور کالے علم
Category(اقسام)	Magic/jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Dec 2012 عبقری رسالہ دسمبر ۲۰۱۲
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	سورہ بقرہ روزانہ ایک مرتبہ پانی پر دم کر کے پورے گھر میں چھڑکاؤ کریں اور خود پی لیں۔ یہ عمل متواتر اکتالیس دن تک کر لیں۔ نمازِ فجر کے بعد روزانہ سات مرتبہ سورہ فاتحہ سورہ فلق تین مرتبہ اور سورۃ الناس تین مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کریں اور وہ پانی پی لیں۔ یہ عمل بھی اکتالیس دن تک کریں۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	سورہ فاتحہ، سورہ فلق، سورۃ الناس
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	Recite surah Baaqara on water and sprinkle it in the house and drink it. Continue this process for 41days. After Fajr prayer daily recite 7times surah Fatiha,3times surah Falaq and three times surah naas bless it on water and drink it. Do this practice for 41days.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

For the protection from demons and diseases

دفع آسیب اور دیگر امراض کے واسطے

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	If someone suspects that he has the evil effects of giant, fairy, witch, ghost or demons or he talks to them. کسی شخص کو شبہ ہو کہ مریض پر دیو، پری، جن، بھوت، چڑیل یا آسیب کا اثر ہے یا جن حاضر ہو کر باتیں کرتا ہو
Category(اقسام)	Magic/ Jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine Feb 2011 Page11 عبقری رسالہ فروری ۲۰۱۱ صفحہ نمبر ۱۱
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	اگر کسی شخص کو شبہ ہو کہ مریض پر دیو، پری، جن، بھوت، چڑیل یا آسیب کا اثر ہے یا جن حاضر ہو کر باتیں کرتا ہو تو اس کے لئے اور اگر کوئی مرض ہے تو اس کو دور کرنے کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ مندرجہ ذیل کلمات اور سورتوں کو باوضو اول بارہ بارہ درود شریف جو درود چاہے پڑھے) اس کے بعد سورہ فاتحہ تین بار بسم اللہ کے ساتھ آیت الکرسی تین بار سورہ کافردن تین بار سورہ اخلاص تین بار، سورہ فلق تین بار، سورہ ناس تین بار، تیسرا کلمہ تین بار، درود شریف بارہ بار پڑھ کر مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلایئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد اچھا ہو جائے گا۔ یہ عمل سات دن مسلسل بلا ناغہ کرے۔

Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	سورہ فلق، سورہ ناس، تیسرا کلمہ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	If someone doubts that he is being possessed by demons, recite surah Fatiha three times,Ayatul Kursi three times, surah Kaferoon three times, surah Ikhlas three times, surah Naas three times, and third Kalmia 3 times along with 12times darood in the beginning and end. Bless it on water and drink it.Continue this process for 7days.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Protection from magic(جادو سے نجات)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	magic جادو
Category(اقسام)	Magic/jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine March 2011Page 11 عبقری رسالہ مارچ صفحہ نمبر ۱۱
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	اگر کسی پر جادو کا اثر ہو تو باوضو اوّل تین بار درود شریف پڑھے بعد اس کے سات بار آیت الکرسی اور اذان اور تکبیر کے کلمات پڑھے۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھے اور پانی پر دم کر کے وہ پانی سحر یا جادو میں مبتلا شخص کو چار وقت

	پلائیں۔ مثلاً صبح ناشتے سے پہلے، دوپہر گیارہ بجے، بعد نماز عصر سوتے وقت یہ پانی پلائیں۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یاذکر)	آیت الکرسی اذان اور تکبیر کے کلمات، درودشریف
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	Recite three times darood in the beginning and end, 7times Ayatul Kursi and recite azaan call on water and sprinkle it on the patient four times a day to protect him from magic effects.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

The solution to poverty(غربت اور تنگدستی کا حل)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	poverty غربت اور تنگدستی
Category(اقسام)	Magic/Jinn(جادو یاجنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazina March 2011Page 11 عبقری رسالہ مارچ صفحہ نمبر ۱۱
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	جب ظالم چاروں طرف سے نئے نئے طریقوں سے تنگ کرنے لگیں اور ستانے اور نقصان پہنچانے کا موقع خالی نہ چھوڑتے ہوں۔ ایسے موذی دشمنوں سے حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل عمل کافی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے دشمن ہمیشہ ناکام رہے گا۔ اور اللہ نے چاہا تو جلد دفع ہوجائے گا۔ وہ عمل یہ ہے: بعد نمازِ عشا باوضو اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد تین سو بار آیت پڑھے:

اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ
مَالَا تَعْلَمُوْنَ ط (یوسف 86) اس کے بعد 575 بار یہ
آیت پڑھے:۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ط (آل عمران 173)

پڑھے اس کے بعد 112 مرتبہ سورۃ لایلف قریش پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر رو رو کر گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگے اور دشمنوں کی اصلاح اور ہدایت کی دعا کرے اور ان کے شر سے حفاظت کی دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دشمن کا ہر وار بیکار ہو جائیگا۔

Quran& Arabic Zikr
(قرآنی آیات یا ذکر)

اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ
مَالَا تَعْلَمُوْنَ ط (یوسف 86)

English Translation and Instructions
(انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)

After Isha prayer recite 11 times darood in the beginning and end then recite 300 times verse number 86 of surah Yusuf then recite verse number 173 from surah Aale Imran 575 times then recite 112 times surah Quresh. Allah will protect you from all of your enemies and will guide them.

Name of Amal
(وظیفے، دعا کا نام)

Remedy of magic evils and every disease (جادو، آسیب، اور ہر بیماری کا علاج)

Purpose and Benefits
(مقصد اور فائدہ)

For any type of body pain, physical diseases
جسم میں کسی بھی قسم کے درد کیلئے، جسمانی بیماریوں کے لئے

Category(اقسام)	Magic/Jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine April 2011 Page10 عبقری رسالہ اپرایل ۲۰۱۱ صفحہ نمبر ۱۰
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	مندرجہ ذیل اسم کو چینی کی رکابی (پلیٹ) پر بادضو اور پانی یا عرق گلاب یا عرق کیوڑہ سے دھو کر ہر روز پلایا جائے۔ اس کے ساتھ سورۃ فاتحہ بمع بسم اللہ کے بھی لکھنا مفید ہے۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	یَاحیّ یَاحیّنَ لَا حیَّ فِي دَيْمُوْ مَته مُلْكِه وبَقَائه يَاحيّ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	Recite the following wordings on a ceramic plate and wash it with rose water, drink the water, it is also beneficial to write surah Fatiha on it.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Protection from black magic(کالے علم کے وار سے بچاؤ)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	For black magic کالے جادو کیلئے
Category(اقسام)	Magic/Jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine June 2011Page19 عبقری رسالہ جون ۲۰۱۱ صفحہ نمبر ۱۹
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	جادوگروں کے کالے علم کے وار سے بچنے کے لئے یہ اسم بہت اکسیر ہے لہٰذا اگر کوئی کالے علم والا کسی کو تعویذ دھاگہ کر کے آپ کو نقصان پہنچانے کے درپے ہو تو یَا جَبَّارُ کو عشاء کی نماز

	کے بعد 11 یوم تک روزانہ 20600 مرتبہ پڑھے تو ہر قسم کے جادو کا حملہ زیر ہو جائیگا۔ اور جادوگر کی اصلاح ہوگی۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	یَا جَبَّارُ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	This name of Allah is very significant for protection against black magic. Recite it 20600times after Isha prayer for 11days it wil protect you from all sorts of black magic.

Nama of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

End of magic(جادو ختم)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	End of magic
Category(اقسام)	Magic/Jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine June 2011Page41 عبقری رسالہ جون ۲۰۱۱ صفحہ نمبر ۴۱
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	اگر کسی مرد یا عورت پر جادو کیا گیا ہو تو یَا قَهَّارُ کو 7 روز تک 1836 مرتبہ روزانہ پڑھکر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ اوّل و آخر گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور سورۃ الناس پڑھیں۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	یَا قَهَّارُ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	Recite this name of Allah 1836 times for 7days on water and drink it,recite 11times Ayatul Kursi and darood shareef in the beginning and end.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Protection from evil, cruel man(ظالم آدمی کے شر سے حفاظت)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Protection from evil, cruel man ظالم آدمی کے شر سے حفاظت
Category(اقسام)	Magic/Jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine October 2011 عبقری رسالہ اکتوبر ۲۰۱۱
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	ظالم حاکم یا کسی بھی آدمی کے شر سے بچنے کے لیے اوّل تین بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد دس بار بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ پڑھے۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھے۔ انشا اللہ اس عمل کی برکت سے ظالم کا دل نرم ہو جائے گا اور کسی قسم کا نقصان نہ پہنچے گا۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	Recite three times darood in the beginning and end then recite 10 times بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ it will soften the tyrant's heart and will protect you from his wrath.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Protection from magic and sahar(جادو اور سحر سے نجات کے لئے)

Purpose and Benefits (مقصد اور فائدہ)	Protection from magic and sehar جادو اور سحر سے نجات کے لئے

Category(اقسام)	Magic/Jinn(جادو یا جنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazin October 2011 عبقری رسالہ اکتوبر ۲۰۱۱
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	جادو سحر اور سفلی علم کے ذریعہ لوگوں کی صحت برباد کی جاتی ہے اور ان کا کاروبار تباہ کیا جاتا ہے۔ وہ آدمی جو دولت میں کھیلتا تھا، پائی پائی کو محتاج ہو جاتا ہے اور اسی کے ساتھ ساتھ اس کی صحت بھی برباد ہو جاتی ہے۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے اور اس کے ذریعے سے سحر جادو، سفلی کرنے والے پر لوٹ جاتا ہے۔ عمل یہ ہے۔ صبح بعد نمازِ فجر اور بعد نماز عشا تین تین بار بہ نیت ردِ سحر پڑھتا رہے۔ آعوذ بِکَلِمَاتِ اللہ التّٰامَّاتِ مِنْ شَرِ مَا خَلَقَ ط اور مندجہ ذیل سورتیں اور آیتیں ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے وہ سورتیں اور آیتیں یہ ہیں۔ سورۃ الکافرون، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس سورۃ الفاتحہ اور آیت الکرسی مکمل۔ نیز منزل کی تینتیس آیات کو باوضو زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے جادو سحر اور سفلی سے حفاظت ہو جائے گی۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یا ذکر)	آعوذ بِکَلِمَاتِ اللہ التّٰامَّاتِ مِنْ شَرِ مَا خَلَقَ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ و تفصیل)	Black magic is used to destroy people's life their health and business. It should be recited after FAJR and Isha prayer with the intention to get rid of magic and

its effects. Recite surah KAFEROON surah Ikhlas surah Falaq surah Fatiha surah Naas with Ayatul Kursi and أعوذبِكَلِمَاتِ الله التّامَاتِ مِنْ شَرِ مَاخَلَقَ. moreover write the following verses with safron and tie it on the right arm.

Name of Amal

(وظیفے، دعاکانام)

For removing the effects of evil eye

نظر بد دور کرنے کے لئے

Purpose and Benefits (مقصداور فائدہ)	evil eye نظر بد
Category(اقسام)	Magic/Jinn(جادو یاجنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine October 2011 عبقری رسالہ اکتوبر ۲۰۱۱
Urdu Instructions (اردو تفصیل)	اگر کسی بچے یا بڑے کو نظر لگ گئی ہو یا کسی جانور پر نظرِ بد کا اثر ہو تو اس کے لئے باوضو یہ آیات تین مرتبہ پڑھ کر نظر والے انسان یا جانور پر ایک دفعہ دم کرے۔ اس کے بعد دو بارہ تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ تین بار اسی طرح دم کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہو گی اور نظر بد کا اثر ختم ہو جائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یاذکر)	وَاِنۡ یَّکَادُ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا لَیُزۡلِقُوۡنَکَ بِاَبۡصَارِهِمۡ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکۡرَ وَیَقُوۡلُوۡنَ اِنَّهٗ لَمَجۡنُوۡنٌ ۞ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِکۡرٌ لِّلۡعٰلَمِیۡنَ (القلم 51،52)

English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	Recite verse number 51and 52of surah Qalam and bless it on the affected person to cast out the evil eye effects.

Name of Amal

(وظیفے،دعاکانام)

Magic or witchcraft(جادویاسحر)

Purpose and Benefits (مقصداورفائدہ)	Magic or witchcraft جادویاسحر
Category(اقسام)	Magic/Jinn(جادویاجنات)
Reference (حوالہ)	Ubqari Magazine October 2011 عبقری رسالہ اکتوبر۲۰۱۱
Urdu Instructions (اردوتفصیل)	رات کے وقت ایک سو گیارہ مرتبہ اسم الٰہی یَاقَابِضُ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے او پر دم کرلیں۔ اس عمل کو اکیس روز تک جاری رکھیں۔ اس دوران کوشش کریں کہ نمک کا استعمال کم سے کم کریں۔ بہتر ہے کہ اس عمل کے دوران ناغہ نہ ہونے پائے۔ اگر ہو جائے تو بعد میں پورے کرلیں۔ حسب استطاعت صدقہ بھی کردیں۔
Quran& Arabic Zikr (قرآنی آیات یاذکر)	یَاقَابِضُ
English Translation and Instructions (انگریزی میں ترجمہ وتفصیل)	Recite this name of Allah 1100 times with 11times darood in the begining and end. Continue this practice for 41days, use salt in a small amount during the practice.

Name of Amal

(وظیفے، دعا کا نام)

Assessment(identification) Giants

تشخیص (پہچان) جنات

